515

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

آج الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محمودا

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵

ٹیلیفون نمبر ۳۳

روزنامہ

الفضل

قادیان

قیمت سالانہ اٹھارہ روپے ماہوار ڈیڑھ روپیہ

مدینۃ المسیح

قادیان ۱۱ ماہ ہجرت۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے متعلق ۷ بجے شام کی اطلاع منظر ہے۔ کہ حضور کی طبیعت پیٹ میں خرابی کی وجہ سے ناساز ہے۔ دن بھر متلی کی شکایت رہی احباب دعا کے ساتھ صحت فرمائیں۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمد للہ

کل شام قریشی عبدالمنان صاحب دار العلوم کی دعوت ولیمہ عمل میں آئی۔ جس میں بہت سے احباب شریک ہوئے اور دعا کی۔

حضرت پیر منظور محمد صاحب کی طبیعت خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔

جلد ۳۵ | ۱۲ ماہ ہجرت ۱۳۲۶ھ ش | ۲۰ جمادی الثانی ۱۳۶۶ھ | ۱۲ مئی ۱۹۴۷ء | نمبر ۱۱۲

حضرت بابا نانک علیہ الرحمۃ کے متعلق دو رائیں

پنڈت میلارام صاحب وفا نے جو ہندو اخبار نویس اور بڑے شاعر بھی ہیں ایک مضمون میں حضرات مومن و غالب کے قصائد سے ایسے چند ٹکڑے پیش کئے ہیں جن میں ان شعراء نے اپنے زمانے کے وقتی اثرات کے ماتحت سکھوں کے متعلق اظہار خیال کیا ہے۔ موجودہ بدامنی کے زمانے میں ایسے گڑے مردوں کو اکھیڑنا جو اب دنیائے ادب میں بھی نسیاً منسیا ہو چکے ہیں۔ مضمون نگار کی شر انگیز ذہنیت کا ثبوت ہے۔ اس سے غرض سوائے اس کے اور کچھ نہیں۔ کہ سکھوں کے دلوں میں مسلمانوں کے خلاف نفرت پیدا کر کے کانگرسی ہندوؤں کا الو سیدھا کیا جائے۔ اول تو گذشتہ شاعروں کے اقوال کا مسائل حاضرہ سے دور کا تعلق بھی نہیں۔ انہوں نے جو کچھ کہا ہے۔ تو وہ اپنے ساتھ ہی لے گئے ہیں۔ مگر ان کی اشاعت ایسے نازک وقت فتنہ انگیزی ہے۔ اور جلتی پر تیل ڈالنے کے مترادف ہے۔

بے شک آج سکھ ہندوؤں کی آنکھ کی پتلی بنے ہوئے ہیں۔ لیکن یہ ہو نہیں سکتا۔ کہ وہ ہمیشہ اس چال کا شکار بنے رہیں گے ہمیں یقین ہے کہ جلد ہی ان کی آنکھوں سے یہ پردے اٹھ جائیں گے۔ اور وہ حقیقت کا اپنی تمام عریانی میں نظارہ کریں گے۔ اور وہ دن دور نہیں۔ جب ایسی چکنی چپڑی باتیں سکھوں پر کوئی اثر نہیں کر سکیں گی۔ اور وہ صحیح مقام اعتدال پر آ جائیں گے۔ اور جو مشن حضرت بابا گورو نانک علیہ الرحمۃ لے کر آئے تھے اس مشن کی تکمیل کے لئے سعی و کوشش میں معروف ہو جائیں گے۔ کون نہیں جانتا۔ کہ گورو نانک علیہ الرحمۃ کا مشن دنیا میں مساوات کا اصول قائم کرنا وحدت اور محبت کا گیت گانا اور صلح و امن کی تلقین کرنا تھا۔ یہ ہو نہیں سکتا کہ چند مفتن لوگوں کے جھانسے میں آ کر سکھ اپنے گوروؤں کا صحیح مشن ہمیشہ تک کے لئے فراموش کر دیں۔

زیادہ افسوس یہ ہے کہ "شیر پنجاب" نے بھی جو آجکل کانگرس کے ہاتھ میں کٹھ پتلی بنا ہوا ہے۔ اپنے صفحات میں اس مضمون کو نقل کیا ہے۔ تا کہ بھولے بھالے سکھوں کو زیادہ سے زیادہ گمراہ کیا جا سکے۔ ہم یہاں زمانہ حال کے دو مذہبی لیڈروں ایک ہندو اور ایک مسلمان کی آراء حضرت گورو نانک دیو علیہ الرحمۃ کے متعلق شائع کرتے ہیں۔ ان آراء سے خود بخود معلوم ہو جائے گا۔ کہ ہندو سکھ کو کیا سمجھتا ہے۔ اور مسلمان کیا سمجھتا ہے ہندوؤں میں سکھ کے متعلق کیا تعلیم پھیلائی جاتی ہے۔ اور مسلمانوں میں کیا تعلیم۔ سکھ کو ہندو دھوکا دے رہا ہے یا مسلمان۔ اور ان آراء سے یہ بھی اندازہ ہو سکے گا۔ کہ سکھ کی مذہبی ہستی کے لئے آیا اکھنڈ پنجاب زیادہ سازگار ہے یا ٹکڑے ٹکڑے۔ ایک اقتباس پنڈت دیانند صاحب کی مشہور کتاب سے لیا گیا ہے۔ یہ وہ کتاب ہے جسکو آریہ دوست (نعوذ باللہ) انجیل اور قرآن کے مقابلہ میں پیش کرتے ہیں۔ اور جسکو موجودہ صورت میں قائم رکھنے کے لئے مہاشے کانگرسی ہندوؤں حتیٰ کہ گاندھی جی تک نے حال ہی میں کافی زور لگایا۔

ستیارتھ پرکاش سے اقتباس دینے سے ہمارا

پنڈت دیانند جی کی رائے

"نانک جی کا مدعا تو اچھا تھا۔ لیکن علمیت کچھ بھی نہیں تھی۔ ہاں زبان اس ملک کی جو کہ گاؤں کی ہے۔ اس کو جانتے تھے۔ وید آدی شاستر اور سنسکرت کچھ بھی نہیں جانتے تھے۔ اگر جانتے ہوتے تو "نربھے" لفظ کو "نربھو" کیوں لکھتے؟ اور اس کی مثال اس کا بنایا سنسکرتی ستوتر ہے۔ چاہتے تھے کہ میں سنسکرت میں بھی قدم رکھوں۔ لیکن بغیر پڑھے سنسکرت کیسے آ سکتی ہے۔ ہاں ان گنواروں کے سامنے کہ جنہوں نے سنسکرت کبھی سنی بھی نہیں تھی سنسکرتی بنا کر سنسکرت کے بھی پنڈت بن گئے یہ بات اپنی بڑائی عزت اور اپنی شہرت کی خواہش کے بغیر کبھی نہ کرتے۔ ان کو اپنی شہرت کی خواہش ضرور تھی۔" (نقل کفر کفر نباشد)

(ستیارتھ پرکاش باب گیارہ صفحہ ۲۹۹)

حضرت مرزا غلام احمد علیہ السلام کی رائے

"باوا صاحب موصوف ہندوؤں کے ایک شریف خاندان میں سے تھے۔ سن نو سو ہجری کے آخیر میں پیدا ہوئے۔ اور چونکہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اخلاص رکھتے تھے۔ اس لئے بہت جلد زہد اور پرہیزگاری اور ترک دنیا میں شہرت پا گئے۔ اور ایسی قبولیت کے مرتبہ پر پہونچ گئے۔ کہ در حقیقت ہندوؤں کے تمام گذشتہ اکابر اور کل رشیوں رکھیوں اور دیوتوں میں سے ایک شخص بھی ایسا پیش کرنا مشکل ہے۔ جو ان کی نظیر ثابت ہو۔ ہمارا انصاف ہمیں اس بات کے لئے مجبور کرتا ہے۔ کہ ہم اقرار کریں کہ بے شک باوا نانک صاحب ان مقبول بندوں میں سے تھے۔ جن کو خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے نور کی طرف کھینچا ہے۔ اس میں کچھ بھی شبہ نہیں کہ ایک بڑی تبدیلی خدا تعالیٰ نے ان میں پیدا کر دی تھی۔ اور وحی اور راستی کی طرف

بھائی عبدالرحمٰن صاحب قادیانی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھاپا اور دفتر الفضل قادیان سے شائع کیا۔

ایڈیٹر۔ روشن دین تنویر

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کی مجلس علم و عرفان

سب سے عجیب چیز

مرتبہ چوہدری منیر احمد صاحب دینش

قادیان ۹ ماہ ہجرت حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے آج بعد نماز مغرب تا عشاء مجلس میں رونق افروز ہو کر جو ملفوظات فرمائے۔ ان کا ملخص اپنے الفاظ میں پیش کیا جاتا ہے۔

فرمایا۔ دنیا میں کئی چیزیں ایسی ہوتی ہیں جو عجوبہ سمجھی جاتی ہیں۔ اور لوگ انہیں دور دور سے کرایہ اور وقت خرچ کر کے دیکھنے آتے ہیں۔ اور بڑی حیرت اور تعجب کا اظہار کیا جاتا ہے۔ پچھلے دنوں قادیان میں ایک لمبا آدمی آیا ہوا تھا۔ اور وہ عوام کی غیر معمولی توجہ کا موجب بنا ہوا تھا۔ حالانکہ وہ کوئی خاص لمبا نہ تھا۔ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ ۹-۹ فٹ کے آدمی بھی ہوتے ہیں۔ اسی طرح بعض اور شہروں میں ایسے عجائبات موجود ہیں۔ اور لوگ انہیں غیر معمولی وقعت دیتے ہیں۔ کراچی میں ایک بکرا ہے۔ جس میں نر کے عام صفات کے علاوہ دودھ دینے کی بھی صفت ہے۔ ہم نے بھی اس کا مشاہدہ کیا ہے۔ اسی طرح بعض جگہ کے درخت یا پھل مشہور ہو جاتے ہیں اور انہیں غیر معمولی شہرت حاصل ہو جاتی ہے۔ مثلاً قصور کی میتھی یا چھپاری کا خربوزہ جب کوئی اس طرف جانے لگتا ہے۔ عورتیں ضرور فرمائش ڈالتی ہیں۔ کہ قصور سے میتھی یا چھپاری سے خربوزے ضرور لانا۔ حالانکہ ان میں کوئی خاص اور نمایاں فرق نہیں ہوتا۔ بعض دفعہ ہمارے ہاں کے خربوزے ان سے زیادہ میٹھے ہوتے ہیں۔ لیکن ذرا سی زیادتی کی وجہ سے انہیں ایک عجوبہ کا درجہ دیدیا جاتا ہے۔ اور غیر معمولی صفات کا حامل سمجھا جاتا ہے۔

غرض دنیا کے ہر شعبہ میں نظر آتا ہے کہ کوئی چیز ذرا ادھر سے ادھر ہو جاتی ہے۔ اور ذرا سا تغیر اس میں رونما ہو جاتا ہے تو لوگ اسے غیر معمولی سمجھنا شروع کر دیتے ہیں۔ اور حیرت اور تعجب کی نگاہ سے اسے دیکھنے لگ جاتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان کی فطرت میں عجوبہ پسندی کا مادہ بہت زیادہ ہے۔ اور ہمیشہ نئی اور عجیب چیز کے دیکھنے کے مشتاق رہتے ہیں۔ لیکن حیرت کا مقام ہے کہ دنیا میں جو سب سے زیادہ عجیب اور نرالی چیز ہوتی ہے لوگ اس کی طرف توجہ نہیں کرتے۔ دنیا میں سب سے عجیب چیز خدا تعالےٰ کے انبیاء ہوتے ہیں۔ جو سینکڑوں سالوں کے بعد ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ اور پھر ایسی باتیں کہتے ہیں جو بالکل نئی اور غیر معمولی ہوتی ہیں۔ ایسے افعال ان سے سرزد ہوتے ہیں جن سے لوگ شناسا نہیں ہوتے مگر پھر بھی لوگ اس طرف دھیان نہیں دیتے دنیا کے عجائبات یہی ہوتے ہیں۔ کہ عام لوگ اگر چھ فٹ کے ہیں۔ تو ایک ان میں ۷۱/۲ فٹ کا ہو جائیگا۔ عام خربوزے بھی میٹھے تو ہوتے ہیں۔ لیکن ان میں سے کچھ ذرا زیادہ میٹھے ہو جائیں گے۔ یا ایک ماں دو یا تین کی بجائے چار بچے جن دیگی۔ یا ایک آدمی کی پانچ کی بجائے چھ انگلیاں ہو جائینگی لیکن نبی کے جو عجائبات ہوتے ہیں۔ وہ ان سے بہت مختلف ہوتے ہیں۔ ان میں ایک چیز کے بگڑنے یا سنورنے کی خبر نہیں ہوتی۔ بلکہ ساری دنیا کے الٹنے اور سارے نظام عالم کے تہ و بالا ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ چھوٹے بڑے کئے جائیں گے۔ اور بڑے چھوٹے کئے جائیں گے یہ کتنا عظیم الشان کام ہے۔ اور دنیا میں کتنا تغیر اور انقلاب ہے۔ جو سینکڑوں سالوں کے بعد رونما ہوتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود بھی لوگ اس عجوبہ کی طرف متوجہ نہیں ہوتے حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام جن کے وجود سراسر تاریخی ہیں۔ اور ان کا ہر لفظ اور ہر حرکت قلمبند ہو کر تاریخ میں موجود ہے کی سوانح عمریاں ہمیں بتاتی ہیں۔ کہ ابتدائی زمانہ کس طرح انہوں نے کس مپرسی کی حالت میں گزارا لیکن بہت جلد ہی اللہ تعالیٰ نے انہیں وہ شان اور وہ رعب بخشا۔ کہ بڑے سے بڑے دشمنوں کے سر ان کے سامنے نگوں ہو گئے۔ اور بڑے بڑے شہنشاہ جو ان کے مقابل گئے۔ تاخت و تاراج ہوئے۔ دنیا کا نظام تہ و بالا ہو گیا۔ مگر وہ باتیں جو خدا نے انہیں بتائی تھیں۔ اور جن سے قبل از وقت انہوں نے دنیا کو آگاہ کر دیا تھا۔ ٹل نہ سکیں۔

رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اس عروج کے متعلق ایک انگریز مصنف لکھتا ہے۔ کہ مجھے حیرت ہوتی ہے۔ جب میں اس واقعہ کو اپنی نگاہوں میں لاتا ہوں۔ کہ کچھ کمزور اور غریب لوگ اپنے شہر سے ذلیل ہو کر نکلے ہوئے ایک کچی ٹوٹی ہوئی مسجد کے زیر سایہ اپنے پیشوا کے سامنے بیٹھے ہوئے جو ان جیسا ہی ایک بے بس انسان ہے۔ اس سے یہ باتیں سن رہے ہیں۔ کہ خدا نے مجھے بتایا ہے۔ کہ ہم ساری دنیا پر غالب آئیں گے۔ اور مخالف تباہ و برباد ہوں گے۔ میری حیرت کی کوئی حد ہی نہیں رہتی۔ جب میں یہ دیکھتا ہوں۔ کہ ابھی دس سال بھی نہیں گزرتے کہ ایسا ہی ہو جاتا ہے۔ اس واقعہ کے ذکر کرنے کے بعد وہ کہتا ہے کہ دنیا لاکھ اعتراض کرے۔ لیکن یہ واقعہ ایسا ہے۔ جس کی وجہ سے میں حضرت محمد (صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کو صادق سمجھنے پر مجبور ہوں۔

الغرض خدا کے انبیاء کے ساتھ یہی ہوتا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کس مپرسی کی حالت کس سے نہاں ہے۔ آپ کو اپنے ضلع میں بھی کوئی نہ جانتا تھا۔ لیکن اس وقت اللہ تعالےٰ سے الہام پا کر آپ نے بتایا۔ میرے خدا نے مجھے بتایا ہے۔ کہ میں ساری دنیا پر غالب آؤں گا۔ اور دنیا کے کناروں تک میری شہرت پہنچیگی یہ وہ زمانہ تھا۔ جبکہ آپ کے اعزاء و اقرباء نے آپ کا ناک میں دم کر رکھا تھا۔ اور ایک کے لئے قادیان میں چلنا پھرنا مشکل کر دیا تھا اس شہر میں جہاں کے آپ رئیس سمجھے جاتے تھے۔ کمیوں نے آپؑ کا بائیکاٹ کر دیا۔ اور کام کاج کرنا چھوڑ دیا۔ مسجد کی راہ میں دیوار حائل کر دی گئی۔ مگر آپؑ نے ان مظالم کو نہایت خاموشی اور صبر سے برداشت کیا۔ اور حقیقت میں آپ کے پاس طاقت بھی نہ تھی۔ کہ ان کا ازالہ کر سکتے۔ مگر وہ وقت آیا۔ جب خدا کے وعدے پورے ہونے والے تھے۔ اور آپ کا نام دنیا میں چمکنے والا تھا۔ چنانچہ ایک عالم نے دیکھ لیا۔ کہ وہ بے کس اور بے بس انسان آج ساری دنیا پر چھا گیا ہے۔ اور ہر شہر اور ہر ملک میں اس کے نام لیوا اور جان نثار پائے جاتے ہیں۔ مجھے وہ وقت خوب یاد ہے۔ کہ ہمارے ایک چچا جنہوں نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی راہ میں دیوار کھینچ دی تھی۔ اور آپؑ کو گالیاں دیا کرتے تھے۔ جب وفات پانے لگے۔ تو مجھے بلا کر کہا۔ کہ لو میں اپنے لڑکے کو تمہارے سپرد کرتا ہوں۔ میرے بعد تم ہی اس کے محافظ ہو۔ یہ کتنا عظیم الشان فرق ہے۔ کہ وہ شخص آپ کو تو گالیاں دیتا ہے۔ اور اس سے ہتک آمیز سلوک کرتا ہے۔ لیکن اس کے بیٹے کی کفالت بیں اپنی اولاد کو دیتا ہے تو یہ اتنا بڑا عجوبہ ہے۔ کہ اگر صبح سے لیکر شام تک منہ کھول کر حیرت سے دنیا دیکھتی رہے۔ کہ یہ ہو کیا گیا ہے۔ تو بھی کم ہے۔ اور ہماری جماعت خدا کے اس فضل اور احسان پر جتنا بھی شکر ادا کرے۔ تھوڑا ہے۔ مگر ابھی ہماری جماعت میں بھی وہ احساس پیدا نہیں ہوا۔ جس کے نتیجہ میں فضل نازل ہوا کرتے ہیں۔ جماعت کا فرض ہے۔ کہ وہ بار بار غور کرے۔ اور سوچے کہ اللہ تعالےٰ کا کتنا غیر معمولی فضل ہم پر ہوا ہے۔ حتیٰ کہ اس کے دل پر یہ نقش ہو جائے۔ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی آمد کا مقصد پورا ہو۔ آپؑ کا ایک کام تو ہو چکا۔ کہ آپ ایمان کو ثریا سے نیچے لے آئے۔ لیکن اب ضرورت ہے کہ اس کے دوسرے حصہ کو بھی پورا کر لیا۔ کہ ان کو ماننے والے ثریا بلکہ اس سے بھی بلند پہنچ جائیں۔ اور یہ تبھی ہو سکتا ہے جب ہم اس کے فضلوں کو بار بار یاد کریں۔

۱۰ ماہ ہجرت ۱۳۲۶ھ

مومن کا ہر کام عبادت بن سکتا ہے

مرتبہ خورشید احمد صاحب

قادیان ۱۰ ماہ ہجرت۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز آج بعد نماز مغرب مجلس میں رونق افروز ہوئے۔ ابتدا میں بعض مہمانوں کو شرف مصافحہ عطا فرمایا۔ اس کے بعد حضور نے ایک پُر معارف تقریر فرمائی جس کا ملخص اپنے الفاظ میں ہدیہ احباب کیا جاتا ہے۔

فرمایا جس طرح انسانی ارادے بدلتے رہتے ہیں۔ اسی طرح انسانی اعمال بھی اکثر بدلتے رہتے ہیں۔ میں نے ایک گزشتہ مجلس میں دوستوں کو اس امر کی طرف توجہ دلائی تھی۔ کہ جب بھی انسان کے دل میں نیکی کرنے کی کوئی تحریک پیدا ہو۔ اس پر فوراً عمل کر لینا چاہیئے۔ کیونکہ انسان کو کچھ علم نہیں ہوتا۔ کہ اگلے لمحہ نیکی کی وہ تحریک قائم رہے گی۔ یا اس کی جگہ غفلت کا کوئی دور آ جائے گا۔ گو ایک مقام ایسا بھی ہوتا ہے۔ جبکہ اللہ تعالےٰ کی خاص حفاظت انسان کو غفلت کے ادوار سے محفوظ کر لیتی ہے۔ لیکن جب وہ مقام حاصل نہ ہو۔ اس وقت تک یہی کوشش کرنی چاہیئے۔ کہ جب بھی نیکی کی کوئی تحریک ہو۔ فوراً اس پر عمل کر لیا جائے۔ سونے کھانے۔ پینے اور دیگر طبعی تقاضوں کو پورا کرنے میں جو وقت صرف ہو جاتا ہے۔ کامل لوگ تو انہیں بھی کسی نہ کسی طرح دینی رنگ دے لیتے ہیں۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسے ایسے طریق ہمیں بتا دیئے ہیں۔ جن پر عمل کرنے سے یہ طبعی تقاضے بھی عبادت میں داخل ہو جاتے ہیں۔ مثلاً سونا ہے رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سونے سے کچھ دیر قبل گفتگو بند کر کے تینوں قل (سورۂ اخلاص و معوذتین) اور آیت الکرسی پڑھ کر جسم پر پھونک مار لینی چاہیئے۔ اور پھر ایک دعا پڑھنے کا ارشاد فرمایا۔ جس میں اللہ تعالےٰ اور انبیاء پر یقین اور اپنے آپ کو اللہ تعالےٰ کے سپرد کر دینے کا اظہار کیا گیا ہے۔ اس طریق سے رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے سونے سے قبل نیکی کی ایک رَو چلا دی۔ تاکہ نیند کے دوران میں بھی وہ رَو چلتی رہے۔ علم النفس کے ماہرین نے دماغ کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ ایک Objective mind اور دوسرا Subjective mind دماغ کا وہ حصہ جو Subjective mind کہلاتا ہے پس پردہ کام کرتا ہے۔ مثلاً ہم اگر ایک ایچی کھائیں اور پھر سالہا سال کے بعد ہمارے سامنے دوبارہ ایچی آئے تو باوجود اس کے کہ ہمیں اس عرصہ میں اس کا کبھی خیال تک نہیں آیا ہوگا۔ پھر بھی فوراً ہمیں اس کا ذائقہ یاد آ جائے گا۔ گویا جیسے لائبریری میں فائل محفوظ رکھے ہوتے ہیں۔ اسی طرح اس کا ذائقہ دماغ کے ایک حصہ میں محفوظ تھا۔ دماغ کا یہ حصہ جو Subjective mind کہلاتا ہے۔ رات کو بھی بیدار رہتا ہے۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم چونکہ علوم روحانیات کے کامل ماہر تھے اس لئے آپ نے سونے سے قبل دعا پڑھنے کا حکم دے کر نیکی کی ایک رَو دماغ میں چلا دی۔ تاکہ سوتے وقت بھی دماغ کا وہ حصہ جو بیدار رہتا ہے عبادت میں مصروف رہے۔ اسی طرح دیگر طبعی تقاضوں مثلاً کھانے پینے کپڑا پہننے پاخانہ جانے حتیٰ کہ میاں بیوی کے تعلقات کے وقت کے لئے بھی ہمیں دعائیں سکھا دی ہیں۔ گویا اگر کوئی آپ کے حکم پر چلے۔ تو اس کے تمام طبعی تقاضے بابرکت بن سکتے ہیں۔ یہ تو خیر وقت کا وہ حصہ ہے۔ جو انسان کے اختیار میں نہیں ہے۔ لیکن جو حصہ اختیار میں ہوتا ہے۔ اور جب انسان دنیا کے مختلف کام کرتا ہے۔ اسے بھی بابرکت بنانے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ ہم معمولی معمولی اور چھوٹے چھوٹے کاموں میں بھی خدا تعالےٰ کی یاد قائم کر سکتے ہیں کسی نے کہا ہے کہ

دست درکار دل بایار

یعنی جب ہاتھ دنیا کے کاموں میں معروف ہوتے ہیں۔ اس وقت بھی ہم دل میں خدا تعالےٰ کو یاد کر سکتے ہیں۔ مومن کو چاہیئے کہ ہر قدم پر اور ہر مرحلہ پر خدا تعالےٰ کی نعمتوں کو یاد کرے۔ مجھے یاد ہے مولوی عبد الکریم صاحب مرحوم مسجد اقصےٰ کے کنوئیں سے ٹھنڈا پانی منگوا کر پیا کرتے تھے۔ اور ایک دو گھونٹ پی کر کچھ ایسے انداز سے سبحان اللہ اور الحمد للہ کہا کرتے تھے۔ کہ اب تک اس کا ایک گہرا اثر میری طبیعت پر ہے۔ درحقیقت ہمارے ارد گرد اللہ تعالےٰ کی ہزاروں ہزار نعمتیں موجود ہیں۔ اگر انسان اپنے نفس کو خدا تعالےٰ کی احسان مندی کا قائل کر لے۔ تو اس کا چلنا پھرنا کھانا پینا غرض اس کا ہر کام عبادت بن سکتا ہے۔ اور اس کے تمام دنیوی کام بھی دینی بن سکتے ہیں۔ اور اگر انسان غفلت اور لاپرواہی سے کام لے تو اس کے دینی کام بھی دنیوی بن جاتے ہیں۔ جو لوگ محض ریا اور دکھاوے کے لئے نمازیں پڑھتے ہیں حج کرتے ہیں۔ اور دیگر نیک کاموں میں حصہ لیتے ہیں۔ ان کی یہ عبادتیں یقیناً دنیوی رنگ ہی رکھتی ہیں۔ گویا یہ ہمارے اختیار میں ہے کہ ہم اگر چاہیں تو اپنے تمام دنیوی کاموں کو بھی عبادت بنا لیں۔ اور اگر چاہیں۔ تو دینی کاموں کو بھی دنیوی کام بنا لیں۔

اذان کے بعد حضور نے دو اصحاب کی بیعت لی

مجاہد فرانس کے لئے درخواست دُعا

ملک عطاء الرحمٰن صاحب مجاہد فرانس دیر سے علیل تھے۔ ڈاکٹری مشورہ اپریشن کیلئے قرار پایا۔ اب فرانس سے ان کا تار آیا ہے۔ کہ اپریشن ہو گیا ہے۔ حالت ابھی تشویشناک ہے۔ اس لئے میں تمام احباب سے درخواست کرتا ہوں کہ درد دل سے ان کے لئے دعا فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحت و زندگی عطا فرمائے۔ اور بیش از بیش اعلیٰ دینی خدمات کا موقع عطا فرمائے

خاکسار: مرزا ناصر احمد

سیکرٹریان امور عامہ جماعتہائے احمدیہ توجہ فرمائیں

صدر انجمن احمدیہ قادیان کا سال ۴۷-۱۹۴۶ء ۳۰ اپریل ۱۹۴۷ء کو ختم ہو چکا ہے۔ اس لئے سیکرٹریان امور عامہ کو بذریعہ اعلان ہذا توجہ دلائی جاتی ہے کہ وہ اپنی اپنی سالانہ رپورٹ ہائے کارگذاری از یکم مئی ۱۹۴۶ء تا ۳۰ اپریل ۱۹۴۷ء غائت درجہ ۳۰ مئی ۱۹۴۷ء تک نظارت ہذا میں بھجوا دیں۔ تا نظارت ان کو اپنی سالانہ رپورٹ میں شامل کرے

ناظر امور عامہ سلسلہ عالیہ احمدیہ

انجمن احمدیہ بمبئی کا پتہ

الحمد للہ کہ انجمن احمدیہ بمبئی نئے دار التبلیغ میں منتقل ہو گئی ہے۔ جگہ کا پتہ حسب ذیل ہے الحق ۱۷ کلب بیکر روڈ بائیکلہ بمبئی ۸

(جنرل سیکرٹری)

رپورٹ دینیات کلاس

(۱) گذشتہ سال کی طرح اس سال بھی مجلس خدام الاحمدیہ کے شعبۂ تعلیم کے زیر اہتمام قادیان میں میٹرک کا امتحان دینے والے طلباء کے لئے دینیات کلاس کھولی گئی۔ جو ۷ اپریل ۱۹۴۶ء سے ۲۷ اپریل ۱۹۴۶ء تک جاری رہی۔ کلاس کی تمام پڑھائی تعلیم الاسلام کالج کے ایک کمرہ میں صبح سات بجے سے ۱۱ بجے تک ہوتی تھی۔ اس کے بعد ظہر سے لیکر عصر تک طلباء سے فضل عمر ہوسٹل میں کتب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی سٹڈی کرائی جاتی تھی۔ عصر کے بعد مسجد اقصیٰ میں مختلف تقاریر کا انتظام [illegible] جس میں طلباء حاضر [illegible] مغرب کے بعد سب طلباء [illegible] کے ساتھ مجلس عرفان میں حاضر ہوتے اور حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کے کلمات طیبات سے مستفید ہوتے۔

رہائش و خوراک

طلباء کی رہائش کا انتظام فضل عمر ہوسٹل میں کیا گیا تھا۔ جہاں غسل وغیرہ کا خاطر خواہ انتظام تھا۔ خوراک کا انتظام نظارت ضیافت نے کیا۔ صبح کا ناشتہ اور دوپہر کا کھانا فضل عمر ہوسٹل میں کھلایا جاتا۔ شام کا کھانا طلباء مہمان خانہ میں کھاتے۔

تعلیمی کورس

طلباء کو مندرجہ ذیل اساتذہ نے حسب ذیل کورس پڑھائے۔

ا۔ قرآن مجید باترجمہ و تفسیر کے ساتھ پہلا پارہ۔ مولوی ظل الرحمن صاحب فاضل۔

ب۔ حدیث کے لئے کتاب نبراس المومنین چہل حدیث مقرر تھی۔ نبراس المومنین کے پہلے استاد مولوی غلام باری صاحب سیف واقف زندگی مقرر تھے۔ آپ نے انہیں اٹھارہ حدیثیں پڑھائیں۔

(پ) حدیث کے دوسرے استاد مولوی محمد صادق صاحب واقف زندگی تھے۔ انہوں نے حدیث انیس ۱۹ سے لیکر آخر تک نبراس المومنین اور ساری چہل حدیث پڑھائی۔

ج۔ صرف و نحو کے لئے مرزا برکت علی صاحب مقرر تھے۔ جنہوں نے صرف و نحو کے ابتدائی قاعدے گردانیں اور صیغہ جات طلباء کو بڑی محنت سے پڑھائے۔

د۔ ادب عربی و نحو کے لئے مولوی عبد القادر صاحب ضیغم مقرر تھے۔ آپ نے انہیں اسمائے اعضا اور نحو کے قوانین سے آگاہ کیا۔

ہ۔ ہر روز طلباء کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب مطالعہ کے لئے دی جاتیں۔ تقریباً سب طلباء نے حضرت اقدسؑ کی کئی کتب کا مطالعہ کیا۔

تقاریر

ہر روز ایک تقریر کرائی جاتی رہی جس میں بزرگان سلسلہ نے نہایت قیمتی اور اہم مضامین بیان کئے۔ جزاہم اللہ تعالیٰ۔

بزم حسن بیان

جمعہ کے دن طلباء بہشتی مقبرہ جاتے اور بزم حسن بیان کا اجلاس بھی ہوتا۔ جس میں طلباء سے مختلف دینی اور اخلاقی مضامین پر تقاریر کرائی جاتیں۔

تفریح:۔ ایک دن طلباء ہنر پور ٹوپ کی جانب [illegible] ایک مقابلہ تجارت اور زراعت نیز تیراکی، [illegible] کبڈی کے مقابلے بھی کرائے گئے۔ اس کے علاوہ چار [illegible]

عام نگرانی

کوشش کی گئی کہ طلباء کے چوبیس گھنٹے زیر نگرانی گذریں۔ فضل عمر ہوسٹل میں دن رات کی نگرانی کا انتظام مکرم صوفی بشارت الرحمن صاحب ایم۔اے کے سپرد تھا۔ تقاریر وغیرہ کا انتظام مکرمی مولوی دوست محمد صاحب کے سپرد تھا۔ کلاس کا انتظام۔ کھانے کے اوقات کی نگرانی۔ بزم حسن بیان۔ تفریح طلباء اور دوسرے متعلقہ امور کی نگرانی مرزا محمد لطیف صاحب جامعہ کے سپرد تھی۔ ان تمام امور کے جنرل نگران مکرم مرزا بشیر احمد بیگ صاحب مہتمم تعلیم تھے۔ آخری دن طلباء کا امتحان بھی ہوا۔

طلباء اور جیب خرچ

کلاس میں بیس طلباء بیرونجات کے شامل ہوئے۔ اور ۱۳ طالب علم قادیان کے تھے۔ بیرونجات کے طلباء بعض دور دور کے مقامات مثلاً پشاور۔ ریاست بہاولپور منٹگمری۔ لدھیانہ وغیرہ سے آئے۔ ان طلباء سے تین سو روپیہ کے وعدے حفاظت مرکز کے لئے لکھوائے۔ آخر میں قادیان کے طلباء کی طرف سے بیرون کے طلباء کو الوداعی پارٹی دی گئی۔ اور بیرون کے طلباء مرکز سے نہایت ہی اعلیٰ اثر لے کر گئے۔

انصار اور مہاجرین

بیرون کے طلباء کو دینی علوم سے زیادہ سے زیادہ واقف کرنے کے لئے انصار اور مہاجرین کی جوڑیاں بنائی گئیں۔ جس سے بیرون کے طلباء نے بہت فائدہ اٹھایا۔

۲۹ تاریخ کو سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے سب طلباء کو شرف باریابی بخشا۔

(منتظم دینیات کلاس قادیان)

ایک مبشر خواب

مکرم مولوی محمود احمد صاحب مدرس مدرسہ احمدیہ نے مندرجہ ذیل رویا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں ارسال کیا۔

سیدی! چند دن ہوئے۔ کہ خاکسار نے خواب میں دیکھا۔ کہ میں ایک نہایت ہی چھوٹے سے شیر خوار بچے کو اٹھائے پھرتا ہوں۔ وہ بچہ نہایت ہی عجیب و غریب باتیں کر رہا ہے۔ اور بھی بہت سے لوگ ہیں۔ جو اس کی باتیں سن سن کر حیران ہوتے اور خوش ہوتے ہیں۔ میں اسے نہایت پیار سے اٹھائے پھرتا ہوں۔ اور مدرسہ احمدیہ کے بورڈنگ کے صحن میں ہوں۔ میں خواب میں اچھی طرح سمجھتا ہوں۔ کہ یہ بچہ چوہدری سربلند خاں صاحب کا ہے۔ جن کا مکان محلہ دارالفتوح میں "باویاں والے باغ" کے پاس ہے۔ اسی دوران میں جبکہ بہت سے لوگ اس بچے کی نہایت ہی عمدہ باتیں سنکر میرے گرد جمع ہیں۔ کیونکہ اس بچہ کو میں اپنی دائیں بغل میں اٹھائے پھرتا ہوں۔ اور وہ بچہ سال بھر کا معلوم ہوتا ہے۔ اس بچے نے خود بخود کہا۔ "نبی اور مجدد میں بہت بڑا فرق ہوتا ہے" میں نے اسے کہا۔ "اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام"؟ تو اس نے فوراً ہی نہایت بلند پر رعب اور جلال بھری آواز کے ساتھ کہا۔ "مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نبی تھے" یہ میں نے جو کچھ دیکھا اور سنا حضور سے من و عن عرض کر دیا ہے۔ یہ سارا نظارہ ابھی تک میری آنکھوں کے سامنے ہے۔ اور اس کی آواز بھی ابھی تک میرے دل پر اثر انداز ہے۔

تحریک جدید کا جہاد اور ایک انگریز مکرم مسٹر بشیر احمد آرچرڈ صاحب کی شاندار قربانی

اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے مکرم مسٹر بشیر احمد آرچرڈ صاحب پر بہت بڑا احسان فرمایا کہ وہ جب فوج میں ایک عمدہ جلیلہ پر فائز تھے۔ ان کو اللہ تعالیٰ نے اسلام قبول کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ ان کو جب یہ معلوم ہوا۔ کہ ہر احمدی سے سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے تحریک جدید میں "مالی جہاد" اور "وقف زندگی" کا مطالبہ فرماتے ہیں۔ اور تحریک جدید کی قربانیاں وہ ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کے منشاء کے ماتحت ہو رہی ہیں۔ تو موصوف نے قبولیت اسلام کے ساتھ ہی تحریک جدید کے مالی جہاد میں اپنی ایک ماہ کی آمد کا نہ صرف وعدہ کیا۔ بلکہ رقم بھی بھیج دی۔ اس کے بعد آپ انگلستان تشریف لے گئے۔ وہاں جا کر آپ نے اپنی زندگی بھی خدمت اسلام و احمدیت کے لئے وقف کر دی۔ اور اب وہ دارالامان میں دینی تعلیم حاصل کرنے کے لئے تشریف لائے ہیں۔ امام صاحب مسجد لنڈن نے اطلاع دی ہے۔ کہ مکرم بشیر احمد آرچرڈ صاحب نے تحریک جدید کے مالی جہاد میں ساڑھے دس پونڈ یعنی -/۱۴۲ روپیہ کا وعدہ فرمایا ہے۔ جزاہم اللہ احسن الجزاء۔ اللہ تعالیٰ بیش از بیش قربانیوں کی توفیق بخشے۔ مکرم مسٹر بشیر احمد آرچرڈ صاحب کی اس شاندار اور قابل تعریف قربانی سے جماعت احمدیہ کو سبق لینا چاہیئے۔ اور وہ احباب جو اب تک تحریک جدید کے مالی جہاد میں شامل نہیں ہوئے۔ وہ دفتر دوم کے سال سوم میں حصہ لیکر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وارث ہوں۔ ۲۔ احباب کو معلوم رہے۔ کہ دفتر دوم میں شامل ہونے کے لئے کم سے کم ایک ماہ کی آمد کا ½ حصہ دینا چاہیئے۔ اس سے زیادہ کی حسب قدر توفیق ہو دے سکتے ہیں۔ نیز وہ احباب جو تحریک جدید کے دفتر اول کے تیرھویں سال یا دفتر دوم کے سال سوم کے وعدے اپنے امام کے حضور پیش کر چکے ہیں۔ وہ اپنے وعدوں کو ۳۱ مئی ۱۹۴۶ء تک پورا کرنے کی اسی لئے کوشش کریں۔ کیونکہ ان کے اس عمل سے اشاعت اسلام اور اشاعتِ احمدیت کو زیادہ فائدہ ہوگا۔ اور وہ ۳۱ مئی تک وعدے پورے کرتے ہوئے سابقون الاولون میں بھی شامل ہو جائیں گے۔

(وکیل المال تحریک جدید)

اے مومنو! خدا کے موعود خلیفہ کی آواز پر جلد لبیک کہو

جہاد "جہد" سے مشتق ہے۔ جس کے معنے کوشش کرنے کے ہیں۔ ضروری نہیں کہ انسان تلوار ہاتھ میں لے کر میدان مقابلہ میں نکلے۔ بلکہ کلمۃ الحق کو پھیلانا بھی جہاد ہے۔ زمانہ کی نزاکت اور اُس کی مناسبت کو دیکھ کر جہاد کی نوعیت بدلتی رہتی ہے۔ جماعت احمدیہ کا یہ نظریہ ہے۔ کہ اسلام ہمیشہ دلائل اور براہین سے پھیلا اور یہی وہ فرض ہے۔ جو ہر مسلمان پر اس کے اسلام قبول کر لینے کے بعد عائد ہو جاتا ہے۔ مگر یہ فرض بھی تو اُس وقت تک باحسن وجوہ ادا نہیں ہو سکتا جب تک اسلام کی تعلیم صحیح رنگ میں حاصل نہ کی جائے۔ اور ان مخصوص مسائل پر عبور نہ کر لیا جائے جن کے ساتھ ہم اپنے مد مقابل کو زیر کر سکتے ہیں۔ بھلا ایک اناڑی اور ناتجربہ کار سپاہی میدان جنگ میں کیا کر سکتا ہے۔ اسی بات کو دیکھ کر موجودہ زمانہ کے امام حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مدرسہ احمدیہ کی بنیاد ڈالی۔ تاکہ اس میں تعلیم حاصل کر کے دین کے علماء پیدا ہوں۔ چنانچہ اس وقت سے آج تک اس درسگاہ سے متعدد علماء پیدا ہوئے۔ اور ایک خاصی تعداد مبلغین کی اکناف عالم میں پھیل گئی۔ مگر وہ کام جو ہمارے سپرد ہے جسے ہم نے بہت قلیل وقت میں کرنا ہے بہت ہی بڑا ہے۔ وہ تعداد جو اس وقت تک ہمارے مبلغین کی ہے۔ وہ بالکل ناکافی ہے۔ حضرت اقدس امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے قائم کردہ مدرسہ میں احباب کو اپنے بچے بھیجنے کی طرف خاص تحریک فرمائی اور جماعت کو ان الفاظ میں متوجہ فرمایا

"وہ سمجھتے ہیں۔ کہ تبلیغ کرنا مبلغوں کا کام ہے۔ ہم اس کام سے آزاد ہیں حالانکہ یہ بالکل غلط ہے۔ خدا تعالیٰ تم سے تمہاری جانوں کا مطالبہ کرتا ہے۔ اور وہ اس صورت میں کہ اپنی اولادیں دین کی خاطر وقف کرو اگر تم دین کے لئے اپنی اولادیں دینے کے لئے تیار نہیں ہوگے۔ تو خدا تعالیٰ تمہاری اولادیں شیطان کو دے دیگا۔ یاد رکھو دنیا میں کسی کی اولاد اس کے پاس نہیں رہتی اگر تمہاری اولاد خدا کی ہو کر نہیں رہے گی۔ تو وہ شیطان کی ہو جائے گی۔ اگر تمہاری اولاد محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے رستہ میں اپنی جانیں نہیں دے گی۔ تو وہ انہیں کے رستہ میں مرے گی۔ (العیاذ باللہ) مگر موت ہر ایک پر آتی ہے

پس اب وقت آگیا ہے۔ کہ ہماری جماعت کا ہر ایک فرد حالات پر غور کرے۔ اور اس بات کی طرف توجہ کرے۔ کہ ان میں سے جو بڑی عمر کے لوگ ہیں۔ اور جو نئے سرے سے تعلیم حاصل نہیں کر سکتے وہ کمائیں۔ ان کے لئے جو بڈھے ہیں اور دوسرے جو پڑھے ہوئے ہیں وہ آگے آئیں اور اپنے آپ کو دین کی خدمت کے لئے وقف کریں۔ اور دینی تعلیم حاصل کرنے کے لئے ہر سال کم از کم ایک سو طالب علم مدرسہ احمدیہ میں داخل ہوں۔ تاکہ ہمیں ہزاروں کی تعداد میں مبلغ مل سکیں۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۹ جنوری ۱۹۴۵ء)

حضرت اقدس کی اس تحریک پر دو سال سے احباب اپنے بچوں کو مدرسہ احمدیہ میں نسبتاً زیادہ تعداد میں بھیج رہے ہیں۔ امسال بھی احباب اس طرف خاص توجہ فرماویں جس دوست کا کوئی ایسا بچہ ہو۔ جو اس سال آٹھویں جماعت کا امتحان دے رہا ہو وہ خود مدرسہ احمدیہ میں بچے بھیجنے کی طرف توجہ فرمائے اور دوسرے دوستوں سے درخواست ہے۔ کہ وہ اپنے حلقہ احباب میں تحریک کر کے حضرت اقدس کی تحریک کو کامیاب کرنے کی پوری کوشش صرف کریں۔ اس طرح وہ بھی ثواب میں شریک ہو سکیں گے۔ کیونکہ حدیث میں آتا ہے۔ کہ الدال علی الخیر کفاعلہ۔ نیکی کو بتانے والا اس کے کرنے والے کی طرح ہے۔ خدا تعالیٰ سب کو توفیق بخشے۔

(ہیڈ ماسٹر مدرسہ احمدیہ)

عیسائیت میں خدا اور مذہب کا تصور

۱- پچھلے سال اکتوبر میں رائل اکیڈیمی آف آرٹس نے شاہی تصاویر کی لنڈن میں نمائش کی تھی۔ دیگر تصاویر کے علاوہ حضرت مسیح ناصری اور ان کی والدہ کی سینکڑوں تصویریں تھیں۔ لیکن ان میں ایک تصویر ایسی تھی جسے دیکھ کر میں سخت کبیدہ خاطر ہوا۔ یہ تصویر BRURGIS MASTER 1499 کی طرف منسوب ہے۔ (دیکھو بکنگھم فہرست تصاویر صفحہ ۷۵) تصویر کے دوران میں اللہ تعالیٰ اور یسوع مسیح تخت پر بیٹھے ہیں۔ حضرت یسوع کو نوجوان شکل۔ اور اللہ تعالیٰ کو ڈھلتی عمر کے ایک معنبو ط جسم انسان کی طرح پیش کیا گیا ہے۔ حضرت یسوع اپنی والدہ کو جو ان کے سامنے ہیں تاج پہنا رہے ہیں۔ اور روح القدس ایک فاختہ کی صورت میں ہوا میں منڈلا رہا ہے۔ تصویر کے حاشیوں میں فرشتے اور دیگر Saint اس منظر کو دیکھ رہے ہیں۔

عام طور پر مصور اللہ تعالیٰ کی شبیہ پیش کرنے سے اجتناب کرتے ہیں۔ چنانچہ انگلستان کی سب سے بڑی آرٹ گیلری یعنی national gallery میں اس قسم کی کوئی تصویر نہیں۔ اور شاید یہ تصویر اس لحاظ سے اپنی نظیر نہیں رکھتی۔

ایک بشپ کی نظر میں عیسائیت کی قیمت

۲- برمنگھم کے بشپ نے ایک کتاب تصنیف کی ہے جس کا نام عیسائیت کی پیدائش (Rise of Christianity) ہے۔ جناب بشپ نے یہ اصول دکھایا ہے۔ کہ جہاں مذہب اور سائنس کے اصول میں اختلاف ہو۔ مذہب کے اصول کو چھوڑ دینا چاہیئے۔ چنانچہ اس کلیہ کے مد نظر وہ سمجھتے ہیں۔ کہ ہمیں بعد الموت کے خیال کو بھی ترک کر دینا پڑے گا۔ لیکن کتاب کا اس سے زیادہ دلچسپ حصہ وہ ہے۔ جہاں وہ انجیل مقدس پر تاریخی لحاظ سے تنقید کرتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں۔

"انجیل کی تاریخ کے عالموں کی اکثریت کا یہ فیصلہ ہے۔ کہ حضرت مسیح نے Last Supper کے موقع پر ہرگز یہ نہیں کہا تھا کہ So this in remembrance of me اور ان عالموں میں ایک طبقہ ایسا ہے۔ اور یہ طبقہ بتدریج بڑھ رہا ہے۔ جو یہ کہتے ہیں۔ کہ انجیل کے یہ فقرے بھی غیر تاریخی ہیں۔ "یہ تو یہ میرا خون ہے" This is my blood اور "یہ میرا جسم ہے" This is my body کیا بشپ کی اس امر میں گواہی شاہد کافی معنے رکھتی ہو۔ یہ کتاب Longmans & sons نے شائع کی ہے۔

جناب بشپ نے لکھنے کو تو یہ چیزیں لکھ دی ہیں۔ لیکن اس تنقید سے جو ان کی کتاب پر سالوں سے ہو رہی ہے ممکن ہے۔ وہ زیادہ دیر تک اس خیال پر قائم نہ رہیں یا ان کے رتبہ کو کوئی دھکا لگے۔

دکن کے مخلصین کا فرض

دارالتبلیغ بمبئی پر ۶۰ ہزار روپیہ قرضہ ہے۔ یہ رقم حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے دکن کی تمام جماعتوں پر ڈالی ہے۔ اس لئے دکن کی تمام جماعتوں کی آگاہی کے لئے اعلان کیا جاتا ہے۔ کہ اس کی ادائیگی کے لئے وعدے ناظر بیت المال قادیان یا امیر جماعت احمدیہ بمبئی کو فوری طور پر ارسال فرمائیں۔

جماعت سکندر آباد کے فیاض اور مخلص امیر حضرت سیٹھ عبد اللہ الہ دین نے پانچ ہزار روپیہ کا وعدہ فرمایا ہے۔ باقی جماعتوں سے بھی اسی فیاضی کی امید ہے۔"

امیر جماعت احمدیہ کا پتہ الحق ۷ الکلب بکیسر روڈ بائیکلہ بمبئی ہے

(مرزا عبد الحمید خان جنرل سیکرٹری)

کرشن سنڈلش: سکرشن سنڈلش۔ (ڈیکیٹ سیریز دسندی) کا چندہ در قم امانت براہ راست دفتر محاسب صدر انجمن احمدیہ قادیان یا مینجر کرشن سنڈلش کے نام پر بھیجی جائیں (ناظر دعوۃ و تبلیغ قادیان)

صحت کی ترقی قوم کی تعمیر ہے
دواخانہ نورالدینؓ قادیان کے مجربات
سفوف ملین
قبض کے لئے یہ سفوف بے حد مفید ہے۔ بغیر مروڑ کے اجابت کھول کر لاتا ہے۔ اس میں کڑواہٹ نہیں۔ اور بے ذائقہ ہے۔ حاملہ عورتیں بچے اور بوڑھے سب استعمال کر سکتے ہیں۔ قیمت شیشی دس تولہ دو روپے پانچ تولہ سوا روپیہ
قرص ملین
یہ بے ضرر گولیاں دفعیہ قبض کے لئے بے حد مفید ہیں۔ ان کے استعمال سے دائمی قبض کے مریض بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ان سے جگر کا فعل درست ہو جاتا ہے۔ بخار میں ان گولیوں کا استعمال مفید ہے۔ قیمت چھ روپیہ فی سینکڑہ
صندلین
انیمیا یعنی کمی خون کا بہترین علاج ہے۔ یہ دوا خون پیدا کرنے اور خون صاف کرنے کے لئے حضرت حکیم الامت کے مطب میں سب سے زیادہ استعمال کرائی جاتی تھی۔ ایام ماہواری کی خرابی جو کمی خون کی وجہ سے ہو۔ اسے دور کرتی ہے۔ چہرے کی رنگت نکھارتی ہے۔ ایام حمل میں اس کا استعمال خاص طور پر عورتوں کی صحت پر اچھا اثر پیدا کرتا ہے۔ اسقاط حمل کا بھی بہترین علاج ہے۔ اٹھرا کو دور کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے بچے صحت مند اور توانا پیدا ہوتے ہیں۔ بڑے بڑے خاندانوں میں اس کے استعمال کا رواج ہے۔ ہمارے دواخانہ کی ادویہ میں سے سب سے زیادہ یہ دوا باہر جاتی ہے۔ پھوڑے پھنسیوں کے دور کرنے میں تیر بہدف ہے۔ قیمت ۱۰۰ ٹکیہ دو روپیہ ۵۰ ٹکیہ سوا روپیہ مکمل کورس ۸ روپے
حب بخار
ملیریا بخار کے لئے یہ گولیاں اکسیر کا درجہ رکھتی ہیں۔ ہمارے مطب میں ان کا استعمال بکثرت ہے اس دوائی کا ہر گھر میں رہنا ضروری ہے۔
دواخانہ نورالدینؓ قادیان

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پانچہزاری فوج

سو فیصدی وعدے پورے کرنیوالے دفتر اول کے تیرھویں سال کے صف اول کے مجاہد

(۳)

حکیم محمد جمیل صاحب کمال ڈیرہ سندھ 25/-
میاں عبدالکریم صاحب روہڑی 50/-
سید اللہ شاہ صاحب ظفر آباد اسٹیٹ 40/-
مولوی محمد مبارک صاحب صوبہ ڈیرہ 7/-
چوہدری محمد سعید صاحب رئیس معہ اہلیہ محمد نگر سندھ 66/4
کیپٹن حبیب احمد صاحب مالیر چھاؤنی سندھ 225/-
اہلیہ صاحبہ قاضی شریف الدین صاحب کوئٹہ 65/-
صوفی عبدالرحمن صاحب " 26/8
شیخ عبدالاحد صاحب " 20/-
مرزا احمد خان صاحب " 15/-
مرزا محمد اسمعیل صاحب چمن بلوچستان 50/4
ڈاکٹر عبدالرشید صاحب گلستان " 45/-
" سراج دین صاحب جسٹ پٹ " 21/-
شیخ سردار محمد صاحب S.D.O. جوانی 88/-
اسلم خاتون صاحبہ اہلیہ " " 88/-
شیخ اللہ جوایا صاحب آگرہ 225/-
مرزا شکور علی صاحب " 15/-
کیپٹن منظور الحسن صاحب ایم اے " 352/-
عبدالرحمن خان صاحب شاہجہانپور 23/-
الطاف حسین خانصاحب اودھے پور کٹیا 17/-
عزیزہ بیگم صاحبہ اہلیہ اول " " 8/-
حمیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ دوم " 8/-
امام علی خان صاحب " 15/-
اہلیہ عیسےٰ صاحب کانپور 300/-
محمد شفیع صاحب اکبر پوری " 12/-
ممتاز علی خانصاحب اناؤ 8/-
سید خیر الدین صاحب لکھنؤ 300/-
" ارشد علی صاحب " 300/-
شریف احمد صاحب اسسٹنٹ انجنیئر بریلی 620/-
حمید یوسف صاحب تاہر سنگھ " 13/-
قریشی قمر احمد صاحب پیلی بھیت 24/-
" منجانب اہلیہ صاحبہ " 17/-
اہلیہ صاحبہ اللہ داد خان صاحب " 52/-
عارف زمان صاحب " 60/-
داروغہ عنایت حق خانصاحب " 53/-
میجر شمیم احمد صاحب نئی دہلی 1000/-
" منجانب حمیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ " 200/-

میجر شمیم احمد صاحب منجانب والدہ صاحبہ مرحومہ نئی دہلی 100/-
کیپٹن اقبال احمد صاحب شمیم جھانسی 660/-
صوبیدار شیر خانصاحب فتح گڑھ 103/-
مستری محمد الدین صاحب " 13/-
کیپٹن سید افتخار حسین صاحب الہ آباد 150/-
حوالدار غلام احمد صاحب چک چھوہر [illegible] 8/-
بابو ولی محمد صاحب کانٹ گودام 30/-
کیپٹن محمد اسلم صاحب جھانسی 60/-
جمعدار شیر حسین شاہ صاحب لکھنؤ 15/-
حوالدار کلرک محمد شعیب صاحب [illegible] پور [illegible]
نواب دین صاحب معہ اہلیہ دختر [illegible] 34/14
سید منصور احمد صاحب بھوپال 67/2
وزیر بیگم صاحبہ بھوپال 20/-
ملک علی بخش صاحب پشتر " 30/-
محمد سرور صاحب والی بستی پٹنہ 75/-
ڈاکٹر محمد سعید صاحب معہ اہلیہ مونگھیر 450/-
" منجانب اہلیہ " " 120/-
اکرام الحق صاحب بھاگلپور 10/-
مولوی بشیر الدین صاحب " 12/-
سید وزارت حسین صاحب اورین مونگھیر 201/-
صابرہ بیگم صاحبہ اہلیہ " " 35/9/6
عبدالحمید صاحب مونگھیر 11/-
والدہ صاحبہ سید عبدالسلام " 5/6
شیخ سلطان احمد صاحب 20/-
" " اہلیہ اول " " 10/-
" " دوم " " 5/-
عنایت بیگم اہلیہ بشیر محمد حنیف [illegible] 14/8
محمد احسان الحق صاحب بھاگلپور 62/6
" منجانب اہلیہ " 12/6
" فاطمہ جمیلہ دختر " 12/14
چوہدری محمد دین احمد صاحب محلہ [illegible] سیالکوٹ 1010/-
ایم ایم صادق اکبر صاحب [illegible] 186/-
" عائشہ خاتون صاحبہ " " 7/-
" زینب [illegible] دختر " " 7/-
لفٹننٹ سید قمر احمد شاہ صاحب [illegible] 351/-
عبدالحمید صاحب [illegible] رانچی 35/-
سید عبدالرحمن صاحب سونگڑہ 48/-

عنایت خاتون اہلیہ سید یعقوب الرحمن صاحب مونگھیر 6/-
" خاتون بی بی خورشید [illegible] " " 6/-
شیخ عبداللہ صاحب شنکر پور بھدرک 7/8
عجب لال خان صاحب کیرنگ " 11/-
عزیزہ بیگم اہلیہ بابو عبدالحکیم صاحب انبالہ شہر 5/12
بابو کرامت اللہ صاحب نوشہرہ " 57/-
شیخ محمد عبداللہ صاحب سوداگرس " 32/4
احمدی بی صاحبہ اہلیہ " " 28/4
حکیم حاجی شاہنواز صاحب مرحوم گنگوہ " 81/-
دولت بی بی والدہ ڈاکٹر عبدالغنی صاحب " 7/-
ڈاکٹر عبدالغنی صاحب انبالہ شہر 56/-
امۃ الغفور خورشید [illegible] " " 11/4
امۃ القدیر صاحبہ قیصی ہمشیرہ " 7/12
شیخ غلام محمد صاحب سوداگرس " 40/-
" اہلیہ اول " " 6/8
" " دوم " " 6/8
خواجہ نظام الدین صاحب انبالہ چھاؤنی 43/-
اہلیہ صاحبہ " " 28/-
کیپٹن نظام الدین صاحب " " 205/-
ڈاکٹر میاں عبدالحمید صاحب M.B.B.S. 305/11
حوالدار سید مبارک احمد صاحب جہلم 35/4
محمد اسحاق صاحب انبالہ چھاؤنی 8/1
پیر عبدالقدوس صاحب سرسہ 100/-
بشیر احمد صاحب ٹھیکیدار " 40/-
بشیر احمد صاحب ڈسٹرکٹ نرسری انسپکٹر حصار 43/-
اہلیہ صاحبہ " " 23/-
حافظ نیاز احمد خانصاحب کرنال 25/-

مکرم حافظ صاحب نے وقف جائیداد کا وعدہ کرتے ہوئے لکھا کہ میں تحریک جدید کے تیرھویں سال کے وعدہ پر ایک صد روپے کا اضافہ کرتا ہوں۔ تحریک جدید کو ایسے اضافوں کی اشد ضرورت ہے اس لئے کہ تحریک جدید کے بیرونی ممالک کے مبلغوں کے اخراجات اندازہ سے بہت بڑھ گئے ہیں۔ اور ان بڑھے ہوئے اخراجات کا بوجھ اٹھانا پانچہزاری فوج کا اپنا کام ہے جو ان اضافوں کی صورت میں پورا ہونا چاہیئے۔ دوسرے احباب بھی اضافہ کے ساتھ دیں اور ۳۱ مئی تک اپنے وعدے پورے کرنیکی پوری کوشش فرمائیں +

قریشی سلطان عالم صاحب شملہ 75/-
ملک سعادت احمد صاحب " 19/-
جمعدار یوسف علی صاحب " 48/-
آنریبل چوہدری سر محمد ظفر اللہ خانصاحب نئی دہلی 2560/-
" " منجانب والدہ صاحبہ 87/-
" " عفیرہ والدہ صاحب 87/-
" " عزیزہ امۃ الحی صاحبہ " 36/-
" " سکینہ بیگم صاحبہ ہمشیرہ " 28/-
چوہدری افتخار احمد صاحب بی اے نئی دہلی 27/-
سید شرافت حسین صاحب دہلی شہر 60/-
چوہدری مقصود علی صاحب معہ اہلیہ " 81/5
